Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 16 | بدھ 3 دسمبر 2025ء، 11 جمادی الثانی 1447ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 237

ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر کم عمر طلبہ کو گرفتار کرنے سے روک دیا گیا

16 سال کے بچوں کو سمارٹ کارڈ اور موٹر سائیکل ڈرائیونگ لائسنس کے اجراء کا اصولی فیصلہ، بچوں کو ہتھکڑیاں لگانے پر سخت اظہار برہمی

ہیلمٹ نہ پہننے پر پہلی خلاف ورزی کی صورت میں وارننگ چالان ہوگا، ٹریفک پولیس کو عوام بالخصوص طلبہ کیلئے ہفتہ آگاہی منانے پر اتفاق

ٹریفک پولیس عوام کی عزت نفس کا خصوصی خیال رکھے، بداخلاقی اور بدتمیزی نہ کی جائے، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی پولیس اہلکاروں کو ہدایت

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر کم عمر طلبہ کو گرفتار کرنے سے روک دیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر بچوں کو ہتھکڑیاں لگانے پر سخت برہمی کا اظہار کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت ٹریفک کے مسائل اور قوانین کی خلاف ورزی کے اسباب (بقیہ نمبر 7)

وزیراعلیٰ کی متحدہ عرب امارات کے قومی دن پر مبارکباد

لاکھوں پاکستانی اپنی محنت اور صلاحیت سے برادر ملک کی ترقی میں حصہ ڈال رہے ہیں، پیغام

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پنجاب کے عوام کی جانب سے متحدہ عرب امارات کے عوام کو قومی دن مبارکباد دی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے متحدہ عرب امارات کے قومی دن پر اپنے پیغام میں کہا کہ شیخ محمد بن زاید آلنہیان وہ رہنما ہیں جنہوں نے وژن کو حقیقت اور حقیقت کو کامیابی میں (بقیہ نمبر 8)

خواتین اور اقلیتوں کے حقوق کا حصول میری اولین ترجیح ہے، چیئرمین سینٹ

میرا منشور تھا کہ خواتین اور اقلیتیں میرا حلقہ ہیں، ہم نے سینیٹ میں اقلیتی کاکس بنا تھا

قائداعظم محمد علی جناح نے اقلیتوں کی نمائندگی کے لیے قومی پرچم میں سفید حصہ رکھا تھا اسلام آباد (اے پی پی)، چیئرمین سینٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ خواتین اور اقلیتوں کے حقوق کا حصول میری اولین ترجیح ہے (بقیہ نمبر 9)

پاکستان جلد ہی تین ڈسکوز نجکاری کرے گا، اویس لغاری

پاکستان کے قوانین باہر ین کو ترکی کے نظام کا مطالعہ کرنے کا موقع فراہم کیا جو بڑی حد تک نجی شعبے کے تحت کام کر رہا ہے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں (ڈسکوز) کی نجکاری کے لیے بین الاقوامی نجی شعبے کے بااعتماد اور تجربہ رکھنے والی ٹرکی کی کمپنیوں کی (بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد ہائیکورٹ سائلین کیلئے آن لائن شکایتی نظام متعارف

شکایات جمع کروانے کے لیے ای میل ایڈریس info@ihc.gov.pk اور واٹس ایپ نمبر 0313655528 جاری

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے سائلین کی شکایات کے بروقت ازالے کیلئے نیا آن لائن سسٹم متعارف کرا دیا۔ رجسٹرار اسلام آباد ہائی کورٹ کے مطابق سائلین کی شکایات کیلئے باضابطہ اطلاعیہ بھی (بقیہ نمبر 10)

چیئرمین سی ڈی اے کی بحرین کے سفیر سے ملاقات

اسلام آباد کو مزید خوبصورت اور سرسبز و شاداب شہر بنانے کی کاوشیں جاری ہیں، چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا سے منگل کے روز بحرین کے سفیر محمد ابراہیم محمد عبید العزیزی کی سی ڈی اے (سی ڈی اے)، چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا سے ہیڈ کوارٹرز میں ملاقات ہوئی۔ (بقیہ نمبر 6)

سربراہ پاک فضائیہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو پی اے ایف اکیڈمی اصغر خان میں گریجویشن کور مکمل کرنے والے کیڈٹس میں اعزازی گولڈ میڈل تقریب کر رہی ہیں جبکہ پی اے ایف فائٹر جیٹس فلائی پاسٹ کرتے ہوئے

رافیل طیاروں کی صلاحیت ثابت ہوئی، پاک فضائیہ نے دشمن کے دانت کھٹے کر دیئے، چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو

وطن عزیز کی سلامتی پر کبھی آنچ نہیں آنے دیں گے

پی اے ایف اکیڈمی اصغر خان میں گریجویشن تقریب کا انعقاد

مہمان خصوصی سربراہ پاک فضائیہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو تھے، استقبال ایئر وائس مارشل شہریار خان، ایئر آفیسر کمانڈنگ پی اے ایف اکیڈمی اصغر خان نے کیا

پاک فضائیہ ہر دور میں مضبوط دفاعی لائن ثابت ہوئی، رافیل طیاروں کی صلاحیت صفر ثابت ہوئی، سربراہ پاک فضائیہ نے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے کلیدی قائدانہ کردار کو خراج تحسین پیش کیا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان ایئر فورس اکیڈمی اصغر خان، رسالپور میں 151 ویں سی ڈی (پی)، 97 ویں ایڈمنٹر گ، 108 ویں ایئر ڈیفنس، 10 ویں غیول (الفا)، 28 ویں اے ایڈ ایس ڈی، 11 ویں لاگ، 134 ویں کاسمیٹ سپورٹ اور 98 ویں ای سی آر (ایس اے ایف) کورسز کی گریجویشن تقریب منعقد ہوئی۔ تقریب کے مہمان خصوصی سربراہ پاک فضائیہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو تھے ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے گریجویٹ ہونے والے کیڈٹس اور ان کے اہل خانہ کو مبارکباد دی اور اکیڈمی کے ایئر وائس مارشل شہریار خان، ایئر آفیسر کمانڈنگ پی اے ایف اکیڈمی اصغر خان نے کیا۔ پڈ سے خطاب کرتے ہوئے ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے گریجویٹ ہونے والے کیڈٹس اور ان کے اہل خانہ کو مبارکباد دی اور اکیڈمی کے ایئر وائس مارشل شہریار خان، ایئر آفیسر کمانڈنگ پی اے ایف اکیڈمی اصغر خان کی کارکردگی کو سراہا۔ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے کہا کہ ایئر فورس کا گریجویشن کورس پاکستان ایئر فورس کی نوجوان افسران کو اپنے کامیاب ماضی کے وقار کو برقرار رکھنے اور پاکستان کی فضاؤں (بقیہ نمبر 4)

ایپسما وفد کی کاشف ادیب جاودانی کی قیادت میں گورنر پنجاب سے ملاقات

وفد نے سردار سلیم حیدر خان کو آل پاکستان ایجوکیشن کانفرنس میں شمولیت کی دعوت دی

خانقاہ ڈوگراں (طاہر محمود) آل پاکستان پرائیویٹ سکولز مینجمنٹ ایسوسی ایشن کے وفد کی مرکزی صدر ایپسما کاشف ادیب جاودانی کی قیادت میں گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے گورنر ہاؤس میں ملاقات کی اور آل پاکستان ایجوکیشن کانفرنس میں شمولیت کی دعوت دی گورنر پنجاب نے آل پاکستان ایجوکیشن کانفرنس میں شرکت کی یقین دہانی (بقیہ نمبر 2)

سی سی ڈی کے ساتھ مبینہ تعاون میں مزید 6 منشیات فروش مارے گئے

لاہور (این این آئی) لاہور میں کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ (سی سی ڈی) کا منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، پولیس نے ہوٹل پر آل پاکستان ایجوکیشن کانفرنس میں 6 منشیات فروش گرفتار کر لیا۔ یہ چالان چیئرمین سی ڈی اے کیپٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا کی زیر صدارت منگل کے سی ڈی اے ہیڈ کوارٹر میں سیکرٹری سماجی و انگیج پشن سے متعلقہ جائزہ اجلاس میں پیش کیا گیا۔ اجلاس میں ممبر انجینئرنگ سید فاخت رضاء ڈی جی ورکس سمیت انجینئرنگ ونگ کے متعلقہ افسران نے بھی (بقیہ نمبر 5)

غذائیت کے حوالے سے سماجی تحفظ پر تین روزہ تقریب کا انعقاد

اس تقریب میں اقوام متحدہ کا ورلڈ فوڈ پروگرام (WFP) گلوبل ٹاسک فورس کے سیکرٹریٹ کے طور پر کام کر رہا ہے

مباحثہ کا مقصد سماجی تحفظ کی پالیسیوں اور پروگراموں کو غذائیت پر مرکوز بنانے کے لیے مشترکہ عزم پیدا کرنا ہے

BISP پورے خطے میں غربت میں کمی اور غذائیت سے متعلق سماجی تحفظ کے لیے عالمی سطح پر تسلیم شدہ ماڈل ہے، سینیٹر روبینہ خالد

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) آج اسلام آباد میں غذائیت کے حوالے سے سماجی تحفظ سے متعلق تین روزہ تقریب کا آغاز کیا گیا جس کا افتتاح گلوبل ٹاسک فورس آن سوشل پروٹیکشن فار نیوٹریشن کے تحت کیا گیا۔ اس تقریب کی میزبانی پاکستان اور تیونیسیا کی حکومتوں کی جانب سے کی گئی۔ اس تقریب میں اقوام متحدہ کا ورلڈ فوڈ پروگرام (WFP) گلوبل ٹاسک فورس کے سیکرٹریٹ کے طور پر کام کر رہا ہے اور مختلف حکومتوں اور شراکت داروں کے درمیان تعاون کو آسان بنا رہا ہے۔ بنگلہ دیش، کمبوڈیا، لاؤ پی ڈی آر، نیپال، نائجر، (بقیہ نمبر 1)

چیئرپرسن سینیٹر روبینہ خالد سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد سیمینار سے خطاب کر رہی ہیں

ایچ جی سی ایل سی کے وفد کی سیکرٹری ورکرز ویلفیئر فنڈ سے اہم ملاقات

اتحادی یونین کے وفد کی ملاقات میں ایچ جی سی ایل کے محنت کشوں اور ان کے اہل خانہ سے متعلق متعدد اہم فلاحی و ترقیاتی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

کینٹی کے ورکرز کے بچوں کو مختلف تعلیمی اداروں میں فیسوں اور داخلوں کے حوالے سے مشکلات کا سامنا ہے

ادارے کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے مکمل ڈیجیٹلائزیشن کی جا رہی ہے، سیکرٹری ورکرز ویلفیئر فنڈ جناب ذوالفقار احمد

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) آل ایچ ایچ ایس ڈویلپمنٹ کینٹی لیبر کی اتحاد یونین آف آل پاکستان ایمپلائز (رجسٹرڈ سی بی اے) کے عہدیداران نے ممبر گورننگ باڈی و ورکرز ویلفیئر فنڈ اور یونین کے صدر زاہد حسین بلوچ کی قیادت میں سیکرٹری ورکرز ویلفیئر فنڈ جناب ذوالفقار احمد سے منگل کے روز ایک اہم ملاقات کی۔ ملاقات میں ایچ جی سی ایل کے محنت کشوں اور ان کے اہل خانہ سے متعلق متعدد اہم فلاحی و ترقیاتی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد نے سیکرٹری فنڈ کو بتایا کہ کینٹی کے ورکرز کے بچوں کو مختلف تعلیمی اداروں میں فیسوں اور داخلوں کے حوالے سے مشکلات کا سامنا ہے، جبکہ میرہ و ڈھوک آرائیں، بچ گوہر اور رہائشی حصوں میں متعلق مسائل بھی حل طلب ہیں۔ اس موقع پر یونین کے نمائندگان (بقیہ نمبر 2)

سیکرٹری ورکرز ویلفیئر فنڈ ذوالفقار احمد کی ایچ جی سی ایل کی اتحاد یونین آف آل پاکستان کے عہدیداران سے ملاقات کے بعد گروپ کا فوٹو

بلدیاتی میرٹ لسٹ آج آویزاں، 9 دسمبر کو منتخب امیدواروں کے آرڈرز جاری کیے جائینگے

لاہور (این این آئی) محکمہ سکولز ایجوکیشن پنجاب نے ایس ٹی آئی کی بھرتی کے لیے نیا شیڈول جاری کر دیا۔ بلدیاتی میرٹ لسٹ آج بدھ 3 دسمبر کو آویزاں (بقیہ نمبر 4)

زائد کرایہ وصول کرنے والے ٹرانسپورٹرز کیخلاف کارروائی کا فیصلہ

شہریوں سے زائد کرایہ وصول کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائیگی

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے زائد کرایہ وصول کرنے والے ٹرانسپورٹرز کے خلاف سخت اقدامات (بقیہ نمبر 5)

کم عمر ڈرائیور بچوں کو فوری گرفتار کرنے سے روک دیا گیا

پہلی مرتبہ کم عمر موٹر سائیکل اور گاڑی چلانے والے بچوں کو وارننگ دی جائے، مس عالیہ نیلم

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کو کم عمر ڈرائیور بچوں کو فوری گرفتار کرنے سے روک دیا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس (بقیہ نمبر 7)

صوبائی وزیر توانائی ملک فیصل ایوب کھوکھر سیکرٹری توانائی کے ہمراہ پاور پلانٹ کا دورہ کر رہے ہیں

صوبائی وزیر توانائی ملک فیصل ایوب کھوکھر کا پنجاب قمرتل پاور پلانٹ کا دورہ

1,263 میگاواٹ پنجاب پاور پلانٹ جھنگ کی کارکردگی اپریل تفصیلی بریفنگ

صوبائی وزیر نے پلانٹ کا معائنہ کیا اور سیکرٹری توانائی کے ہمراہ پودا بھی لگایا

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر توانائی پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر نے پنجاب قمرتل پاور پلانٹ کا دورہ کیا، جہاں سیکرٹری توانائی فرخ نوید اور چیف ایگزیکٹو آفیسر (بقیہ نمبر 16)

پاکستان الیکٹرانک میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی (پیمرا) ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں "کام کی جگہ پر

خواتین کو ہراسانی سے تحفظ کے حوالے سے آگاہی سیمینار کا انعقاد

FOSPAH کے ملک گیر مشن اور اس کی جنسی بنیاد پر تشدد کے خلاف سولہ دن کی آگاہی مہم ملک بھر میں چلائی جا رہی ہے

FOSPAH کی اس آگاہی مہم کا سلوگن "ہم بدلیں گے سوچ" ہے، قائم مقام چیئرمین پیمرا اجتاب سکندر رشید چوہدری

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان الیکٹرانک میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی (پیمرا) ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں "کام کی جگہ پر خواتین کو ہراسانی سے تحفظ" کے موضوع پر آگاہی سیمینار سے تحریر ذوبیہ رفاقت خطاب کر رہی ہیں

پاکستان الیکٹرانک میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی (پیمرا) ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں "کام کی جگہ پر خواتین کو ہراسانی سے تحفظ" کے موضوع پر آگاہی سیمینار سے تحریر ذوبیہ رفاقت خطاب کر رہی ہیں

سیاست کا غلط استعمال کرنے والوں کو ٹکٹ نہ دیا جائے

ایسے ناسور اپنی پارٹی کو بدنام کرنے کا باعث بنتے ہیں، ملک ارشد محمود اعوان

گوجر خان (قمر شہزاد) مسلم لیگ ایسے سیاسی افراد کو ٹکٹ دے اور نہ ہی کوئی عہدہ دے جو اپنی سیاست کا غلط استعمال کر کے عوام کو تنگ کرتے ہیں اور قبضہ مافیا کی پشت پناہی کرتے ہیں ایسے افراد معاشرے کے ماتھے پر بدنما داغ ہیں جو اپنے اثر و رسوخ سے قانون عدالتوں میں انصاف کا رخ تبدیل کر دیتے ہیں ان خیالات کا اظہار برطانیہ میں مقیم معروف سماجی کارکن، رکن گوجر خان بار ایسوسی ایشن ملک راشد محمود اعوان ایڈووکیٹ نے مقامی (بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد کے سیکٹر زو مراکز کی اپ گریڈیشن پر کام کا آغاز

انجینئرنگ ونگ نے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کی اپ گریڈیشن و بحالی کیلئے جامع پلان پیش کر دیا، محمد علی رندھاوا

زیر اکر اسکور کی بحالی کیلئے بہترین میٹریل کے استعمال اور کوالٹی سٹینڈرڈز پر ہر صورت عمل کیا جائے، چیئرمین سی ڈی اے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد کے پرانے سیکٹرز و مراکز کی بحالی و انگیج پشن کے منصوبے پر کاموں کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ انجینئرنگ ونگ نے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کی اپ گریڈیشن و بحالی کیلئے جامع پلان پیش کر دیا۔ یہ پلان چیئرمین سی ڈی اے کیپٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا کی زیر صدارت منگل کے سی ڈی اے ہیڈ کوارٹر میں سیکرٹری سماجی و انگیج پشن سے متعلقہ جائزہ اجلاس میں پیش کیا گیا۔ اجلاس میں ممبر انجینئرنگ سید فاخت رضاء ڈی جی ورکس سمیت انجینئرنگ ونگ کے متعلقہ افسران نے بھی (بقیہ نمبر 5)

چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سابق کپتان معین خان نے اپنے انتقال سے متعلق غلط خبروں پر ویڈیو پیغام جاری کر دیا

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان معین خان نے اپنے انتقال سے متعلق غلط خبروں پر ویڈیو پیغام جاری کر دیا۔ سابق کپتان معین خان کی جانب سے جاری ویڈیو پیغام میں کہا گیا کہ صرف سے میری صحت اور انتقال سے متعلق غیر ذمہ دارانہ خبریں گردش کر رہی تھیں، سب (بقیہ نمبر 2)

ایف بی آر کا اسپننگ اور ٹیکسٹائل ملوں کی مانیٹرنگ کا فیصلہ

کیمرے لگانے کی ہدایت، اتنی بھاری قیمت پر ملیں نہیں چلا سکیں گے

بند ہی پڑ جائینگی جیسے، اپنا کا محاصلہ چیئرمین ایف بی آر کے سامنے لے جانے کا عندیہ

لاہور (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے اسپننگ اور ویونگ ملوں کی مانیٹرنگ کا فیصلہ کیا ہے۔ ایپا ذرائع کے مطابق ایف بی آر نے ٹیکسٹائل سیکٹر کو کیمرے لگانے کی ہدایت کر دی ہے۔ اسپننگ ملز مالکان کو سیکرٹریٹ اور اس سے ملحقہ علاقوں میں کیمرے نصب کرنے کا ٹیکنیکل ڈیٹا فراہم کرنا ہوگا۔ ایف بی آر نے ٹیکسٹائل ملوں کی ریونیو کی وصولی کو یقینی بنانے کیلئے کیمرے نصب کرنے کا فیصلہ کیا ہے، ایپا ذرائع کے مطابق ایف بی آر نے ٹیکسٹائل سیکٹر کو کیمرے لگانے کی ہدایت کر دی ہے۔ ایپا کے مطابق کیمرے لگانے کا خرچہ اتنا زیادہ ہے کہ ملز مالکان کو کیمرے لگانے کی ہدایت کی گئی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ایف بی آر نے کیمرے نصب کرنے کا فیصلہ کیا ہے، ایپا ذرائع کے مطابق ایف بی آر نے ٹیکسٹائل سیکٹر کو کیمرے لگانے کی ہدایت کر دی (بقیہ نمبر 3)

ڈولمن روڈ چوک سیدن شاہ و دیگر 116 دکانوں، کلینکس، لیبارٹریز اور اہل محلہ کا معاشی و سماجی محاصرہ تاجروں کا

ڈی سی چکوال ڈسٹرکٹ ٹریفک آفیسر سے فوری نوٹس کا مطالبہ

راجہ محمد فضل جنجوعہ اور ملک جمال کی قیادت میں تاجروں کا سخت احتجاجی دھرنے کے نام پر قلم، رکشہ اسٹینڈ میلا چوک منتقل کرنے کا ڈوگ مطالبہ

چوک سیدن شاہ (نمائندہ شہزاد) ڈولمن روڈ چوک سیدن شاہ کے کاغذ کلینک، لیبارٹریز اور میڈیکل اسٹور مالکان سمیت پوری تاجر برادری نے اعلان کیا ہے کہ ڈولمن روڈ کو یکطرفہ (دن دے) بنا کر 116 دکانوں، کلینکس، لیبارٹریز میڈیکل اسٹورز اور (بقیہ نمبر 2)

مرکزی صدر وفد روکو ڈپ ایم انجمن تاجران راجہ محمد فضل جنجوعہ اور چیئرمین انجمن تاجران ملک جمال کی قیادت میں سراپا احتجاج بن گئی ہے تاجروں

ڈولمن روڈ چوک سیدن شاہ کے کاغذ احتجاج کر رہے ہیں

تحت ٹریفک پولیس گوجر خان نے جرمانوں کا آغاز

مقدمات اور جرمانے، ناقص سلنڈر والی گاڑیاں تھانہ گوجر خان میں بند

گوجر خان (قمر شہزاد) گوجر خان ٹی او اور پنڈی کی ہدایات پر حملہ آور کرتے کے تحت آرڈیننس کے تحت گوجر خان میں ہوئے صدر سرکل چوہدری قاسم کی زیر نگرانی سیکٹر جرمانے اور قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا گیا۔ سی انچارج گوجر خان انسپکٹر (بقیہ نمبر 8)

وارڈ ماسٹر ذیشان شاہ پر مبینہ رشوت خوری کا الزام

مذکورہ کلاس فور ملازم محکمہ ہیلتھ کے ویژن کو سبوتاژ کرنے موجب بن گیا

گوجر خان (قمر شہزاد) تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال گوجر خان کا وارڈ ماسٹر ذیشان شاہ ایم ایل سی کی مدمیں لوگوں سے مبینہ طور پر رشوت خوری کرنے لگا۔ مذکورہ کلاس فور (بقیہ نمبر 9)

وزیراعلیٰ کا بنوں میں دہشت گردوں کے پولیس اسکواڈ پر حملے کی شدید مذمت

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے بنوں میں دہشتگردوں کے پولیس اسکواڈ پر حملے کی شدید مذمت کی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے اسسٹنٹ کمشنر شاہ ولی اور 4 شہریوں کے جاں بحق ہونے پر افسوس کا اظہار کیا اور تعزیت کی (بقیہ نمبر 3)

عوامی للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوام کی بے ساختہ للکار
بانی: کامریڈ حبیب الدین جالب
ایڈیٹر: کامریڈ محمد عثمان غنی

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ریونیو میں خسارہ وزیراعظم کے سخت احکامات

ملک میں غیر قانونی سگریٹ انڈسٹری کے باعث سالانہ 250 سے 300 ارب روپے کا بھاری ریونیو نقصان ہو رہا ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے سگریٹ کی غیر قانونی تجارت روکنے اور ٹیکس قوانین پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنانے کے واضح احکام جاری کیے ہیں۔ دریں اثناء، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے پریس کانفرنس میں دعویٰ کیا ہے کہ پاکستانی معیشت درست سمت میں گامزن ہے، آئی ایم ایف سے اسٹاف لیول معاہدہ ہو چکا ہے اور اصلاحات کا عمل جاری ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت ڈھانچا جاتی اصلاحات پر عمل پیرا ہے، گردشی میں تسلسل برقرار رکھنا ہوگا، برآمدات میں 5 فیصد اضافہ ہوا ہے، مینوفیکچرنگ کا شعبہ بہتر ہو رہا ہے اور ادائیگیوں کا توازن و کرنٹ اکاؤنٹ پائیدار ترقی کے لیے کلیدی اہمیت رکھتے ہیں۔ لیکن دوسری طرف حقائق کچھ اور تصویر پیش کرتے ہیں۔ سنیچر کے روز بتایا گیا کہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کو نومبر میں مسلسل چوتھے ماہ بھی ٹیکس وصولی میں شدید کمی کا سامنا رہا۔ رواں مالی سال کے پہلے پانچ ہی مہینوں میں صورتحال تشویش ناک ہو چکی ہے۔ ستمبر میں 1325 ارب کے مقابلے میں 1228 ارب جبکہ اکتوبر میں 1026 ارب کے مقابلے میں صرف 951 ارب روپے وصول ہو سکے۔ وزیراعظم نے ٹیکس ریکوری کے لیے سخت احکام تو جاری کر دیے ہیں مگر یہ احکام پہلی بار جاری نہیں کیے گئے۔ اصل مسئلہ ایف بی آر کی اندرونی بدعنوانی ہے جس پر بات ہی نہیں کی جاتی۔ جب تک ادارے کے اندر موجود کرپشن پر قابو نہیں پایا جائے گا، ٹیکس قوانین پر مکمل عمل درآمد ممکن نہیں۔ دوسرا اہم نکتہ یہ ہے کہ ٹیکس اصلاحات کی شروعات وزیراعظم اور پارلیمان سے ہونی چاہیے۔ پارلیمان میں کئی اراکین ایسے موجود ہیں جن کے ٹیکس ریٹرنز ان کی آمدن اور اثاثوں سے مطابقت نہیں رکھتیں۔ جب قانون ساز خود شفاف نہ ہوں تو عوام سے شفافیت کا تقاضا کیسے کیا جا سکتا ہے؟ تیسرا، بنیادی ضرورت ٹیکس نیٹ کو وسعت دینا ہے۔ اس حوالے سے بنیادی سوال یہ ہے کہ ٹیکس نیٹ بڑھانے میں رکاوٹ کون ہے؟ حقیقت یہ ہے کہ سب سے بڑی رکاوٹ حکومت کی سیاسی کمزوریاں اور مصلحتیں ہیں۔ اگر حکومت واقعی سنجیدہ ہو اور اپنا قبلہ درست کر لے تو ٹیکس نیٹ خود بخود وسیع ہوگا اور ٹیکس ہدف، خسارے اور مالی بحران جیسے مسائل بھی حل ہو جائیں گے۔

ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر پورپی جرمانے، ایتھوپیا کی سہولتیں، یہ کس منطق کا ملک ہے؟

چشم نم
شہناز رحیم
Rasheed03014033622@gmail.com

عجیب ملک ہے۔ یہاں شہری اگر ایک لائیسنس کراس کر جائیں تو دراصل قوانین کو پامال کرتے ہیں۔ پولیس کے سائرن جاگ اٹھتے ہیں۔ جرمانے کی پرچی ہاتھ میں تھما دی جاتی ہے اور اگلے لمحے شہری کا احساس دلایا جاتا ہے کہ اس نے جرائم کی دنیا میں قدم رکھ دیا ہے۔ ہیلمٹ نہ ہو تو دو ہزار روپے، غلط پارکنگ پر دو ہزار، دن دے پر دو ہزار، تین افراد کی سواری پر دو ہزار، پلاسٹک کا ہیلمٹ ہو تو پانچ ہزار جرمانہ عائد کر دیا جاتا ہے۔ لگتا ہے جیسے حکومت نے پورا محکمہ ضبط شہریوں کی جیب پر قائم کر رکھا ہے جیسے سارا سماج ایک چلتی پھرتی ATM مشین ہو، جس میں کارڈ تو حکمرانوں کا لگا ہے PIN کوڈ عوام کا خون پسینہ ہے اور ہر بٹن دبانے پر ایک چیز مارنے نکل آتا ہے لیکن سوال یہ نہیں کہ جرمانے غلط ہیں۔ قانون ہونا چاہیے، نظم ہونا چاہیے، ٹریفک کی پابندی بھی ضروری ہے۔ اصل سوال یہ ہے کہ قانون صرف ایک طرف کیوں لاگو ہوتا ہے؟ شہری پر کیوں ٹوٹ پڑتا ہے اور حکومت پر کیوں نامہ شق ہو جاتا ہے؟ کیا ریاست ایک طرفہ ٹریفک ہے؟ کیا قانون کا پورا دنیا آگاہ ہے، مشاہد ہی کوئی دن ایسا نہیں جاتا ہو جب میڈیا میں عورت کے ساتھ کسی برے کسی ستم کی ناانصافی زیادتی یا بے رحمی کی خبر نشر نہ ہوتی ہو، اس کے باوجود ملک کا کوئی ادارہ خصوصاً وزارت قانون، سماجی بہبود کسی ذمہ داری سے کم پورے ملک میں قانون کا نفاذ یقینی بنانے اور اس پر عمل درآمد کو قائم و دائم رکھنے، اپنا فرض ادا کرتا نظر نہیں آتا، ایسے ادارے کے وجود پر نمبر خاموشی لگا دینا کتنا بہتر ہو، بجائے اس کے کہ وہ انصاف کے نام پر ناانصافی کو رواج دے۔ جب کوئی ادارہ، ریاست میں اپنے ہی عوام کو تحفظ اور انصاف فراہم کرنے سے عاجز ہو جائے تو آس کا بندر دیا جاتا ہی ترمین انصاف ہے، ایسی عمارت کی بنیادیں پر ایک مختی آدمیاں کر دینی چاہئے "یہ ادارہ تا حیات بند رہے گا"۔ دور جدید میں بھی دنیا کے ترقی یافتہ ممالک میں عورت کے خلاف جرائم میں مسلسل اضافہ ہوتا جا رہا ہے، عصمت دری، جنسی بلیک میلنگ، اغوا اور گھریلو تشدد اب گویا معمول کی خبریں بن گئی ہیں، عام لوگ رقتہ رقتہ ایسے واقعات کے عادی ہوتے جا رہے ہیں، اور اس المناک صورت حال پر سماجی شعور نہ کوئی بے چینی نظر آتی ہے نہ ہی کوئی اضطراب، یہ بے حسی خود ایک تشویش کے علامت ہے کیونکہ زمانی اور عدم تشویش کے خلاف رد عمل جتنا کمزور پڑتا جائے، جرائم کی جسارت اور ان کی تعداد اتنی ہی بڑھتی چلی جاتی ہے۔ مرد کے اندر سکرانی اور بالادستی کا ایک ایسا جذبہ موجود ہوتا ہے جو اکثر اُسے عورت پر مختلف صورتوں میں ظلم و تشدد پر آمادہ کرتا ہے، وہ بخوبی جانتا ہے کہ عورت نما شرمی و معاشی طور پر کمزور اور بے بس ہے، اسی کمزوری کا فائدہ اٹھاتے ہوئے مجرمی وہ اُس کے ساتھ حیوانوں جیسا سلوک کرتا ہے اور کبھی دباؤ اور دھونس کے ذریعے اس احساسِ برتری کی تسکین حاصل کرتا ہے جو اُس کے باطن میں چھپا بیٹھا ہے، یہ دونوں کام، افسوس ہے۔ یہ چوٹیں کھاتے ہیں مگر کسی گھے پر ٹوٹس تک نہیں جاتا، کس کا جرم ہے؟ کون مزا لے گا؟ یہاں بلیدہ سوال شہری سے پوچھا جاتا ہے حکومت سے نہیں۔ سرکاری ہیتالوں میں دوائیاں نہیں ملتیں، ڈاکٹر کم، مشینیں خراب، بیڈ ٹوٹے ہوئے اور ریفرنس در بدر لیکن لازمی ادا ہے۔ شہری اگر کلکل کا فل نہ دے تو ہی ہی ہی

لقیہ 1

تورلیسے اور پاکستان کے متعدد بین الاقوامی سماجی تحفظ کے نظام میں نقائص کو دُور کرنے طریقے سے مربط کرنے کے اسباب، اخراجات اور اثرات کا تجزیہ کیا گیا ہے۔ سماجی کا مقصد سماجی تحفظ کی پالیسیوں اور پروگرموں کو فعالیت سے مرکوز بنانے کے لیے شرح کو مزید بہتا کرنے ہے۔ متعدد بین الاقوامی شاہدوں کے ساتھ ساتھ، یہ تحقیق حقائق کریں کے، اور ڈی اور عالمی کوششوں کو مختلف کے خلاف پیش رفت کو تیز کرنے کے لیے اقدامات کی شناختی کرتی ہے۔ یہ تحقیق ایک کے طور پر، یہ تحقیق تحفظ اور فعالیت میں قیادت کرے رہا ہے۔ یہ تحقیقی بیورو برگرام (BISP) نے ضلع میں غربت میں کمی اور فعالیت سے متعلق سماجی تحفظ کے لیے عالمی سطح پر تسلیم شدہ ماڈل ہے۔ اس کا بنیادی نظام پاکستان میں 2020 میں حکومت پاکستان کی طرف سے WFP، UNICEF اور WHO کے تعاون سے تیار کیا گیا تھا، جو کہ گھریلو کی نشوونما اور نشوونما میں کمی کو دور کرنے پر مبنی ہے۔ اس کا مقصد دو وجوہات کی بنا پر ہے کہ بچوں کی نشوونما اور نشوونما میں کمی کو دور کرنے پر مبنی ہے۔ کم عمر کے بچوں کی پرورش میں قائم تحقیقی سائنس کے مصروف اور ادب آنا کان نہ پہنچنے کے لیے جائزہ ہے، نشوونما اور تعلیم کا اضافے والوں میں چھوٹے کے بچوں میں مشکلے کی شرح میں 20 فیصد کی بڑی کمی ہے۔ ایک گزیری بیان میں، پاکستان کے صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ یہ پروگرام تحفظ اور فعالیت کو سماجی تحفظ میں کم کرنا اہم کردار ہے۔ بینظیر انکوم نشوونما اقدام کے ذریعے، عائلہ اور دودھ پلانے والی خواتین اور دو سال سے آٹھ سے کم عمر کی کو پیٹ بڑا دوں کے اور نشوونما دقیق ہے۔ صرف ذہنی نشوونما ایک ترقی کی ذمہ داری دو ہے کہ جو تمام اقوام کے متعلق تحقیقی رویے ہے۔ جیسے بینظیر انکوم پروگرام کے مصروف بینظیر رویہ تحقیق کرنا کے معروفی کمی کے ساتھ کم آنکھ کی طرف، ذہنی آئی کی نشوونما اقدام کے ذریعے، عائلہ اور دودھ پلانے والی خواتین اور دو سال سے آٹھ سے کم عمر کے بچوں

آبادی میں تیزی سے اضافہ انتہائی تشویشناک ہے

پاکستان کی آبادی میں ہر سال نیوزی لینڈ کی آبادی کے برابر اضافہ ہو رہا ہے، وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ

آبادی کے ہیلتھ سٹیٹس کے لئے معاشرے کے ہر طبقے کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، عطاء اللہ تارڑ کا تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے آبادی میں تیزی کے اضافے کو تشویشناک قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کی آبادی میں ہر سال نیوزی لینڈ کی آبادی کے برابر اضافہ ہو رہا ہے، بڑھتی آبادی کی وجہ سے صحت، تعلیم اور دیگر شعبوں میں چیلنجز سامنے آ رہے ہیں جبکہ معیشت اور بنیادی سہولیات پر بھی اس کا بوجھ بڑھ رہا ہے، آبادی کے ہیلتھ سٹیٹس کے لئے معاشرے کے ہر طبقے کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ منگل کو یہاں متقاضی ہوٹل میں "دی پاکستان پاپولیشن سٹ" سے خطاب کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 2 صفحہ 5)

جسٹس طارق جہانگیری ڈگری تنازع کیس میں بڑی پیش رفت

چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ عالیہ نیلم کا وکلاء کے چیمبر ڈسکل کرنے پر سخت نوٹس

اسلام آباد ہائی کورٹ نے ایچ ای سی کے ذریعے کراچی یونیورسٹی سے ریکارڈ طلب کرلیا

اسلام آباد (این این آئی) جسٹس طارق جہانگیری ڈگری تنازع کیس میں بڑی پیش رفت سامنے آئی ہے، جس کے مطابق عدالت نے جامعہ کراچی سے ریکارڈ طلب کرلیا۔ منگل کو جسٹس طارق جہانگیری کی سربراہی میں سماعت ہوئی، جس کے مطابق عدالت نے ایچ ای سی کے ذریعے کراچی یونیورسٹی (بقیہ نمبر 2 صفحہ 27)



لاہور: وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق ڈی جی پی آر مس پریس کانفرنس کر رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) جسٹس عالیہ نیلم نے وکلاء کے چیمبر ڈسکل کرنے پر سخت نوٹس لے لیا۔ چیف جسٹس عالیہ نیلم نے آئی جی پنجاب کو تفصیلی رپورٹ پیش کرنے کا حکم دے دیا اور کہا کہ وکلاء کے ساتھ کسی قسم کا خلاف قانون اقدام برداشت نہیں کیا جائے گا۔ چیف جسٹس عالیہ نیلم نے وکلاء کے چیمبر ڈسکل کرنے پر آئی جی پنجاب کو مکمل جائزہ لینے کا حکم دیا۔ وکلاء نے چیف جسٹس کے ایکشن کا خیر مقدم کیا۔

پنجاب رینیوا تھارٹی میں متعدد افسران کے تقرر و تبادلے

لاہور (این این آئی) پنجاب رینیوا تھارٹی میں متعدد افسران کے تقرر و تبادلے کر دیئے گئے۔ ذرائع کے مطابق ظہر الاسلام ڈوگر کو کمشنر پنجاب رینیوا تھارٹی ملتان تعینات، ایڈیشنل کمشنر انفورسمنٹ ملتان (دل) آفتاب احمد کو تبدیل کر کے ایڈیشنل کمشنر انفورسمنٹ ٹھل آباد دن تعینات ، ایڈیشنل کمشنر انفورسمنٹ (ٹی) ملتان محمد انصار (بقیہ نمبر 2 صفحہ 9)

بائیکوٹ جسٹس عالیہ نیلم عمر پور شرقیہ میں جوڈیشل کمپلیکس کا افتتاح کر رہی ہیں، لاہور بائیکوٹ کے جسٹس سید شہباز علی رضوی بھی موجود ہیں۔

وکلاء کے تمام مسائل کا حل ہوا ہائیکورٹ کی اولین ترجیح ہے

احمد پور شرقیہ اور پیر محل میں جوڈیشل کمپلیکس مکمل ، چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ نے افتتاح کیا

بہترین انفراسٹرکچر اور جدید سہولیات جلد اور معیاری انصاف کی فراہمی کو یقینی بنائیں گے چیف جسٹس عالیہ نیلم

لاہور (این این آئی) چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ جسٹس عالیہ نیلم کی خصوصی ہدایات پر احمد پور ایسٹ اور پیر محل میں جوڈیشل کمپلیکس مکمل کر لیے گئے۔ فاضل چیف جسٹس نے دونوں جوڈیشل کمپلیکس کا افتتاح کیا۔ پیر محل جوڈیشل کمپلیکس میں ایڈیشنل سیشن جج کی عدالت، سول عدالتیں، سٹنگ خانہ، بار ہال و لائبریری، لیڈیز لاءرز پارلر، پبلک ٹیلی فون، ٹائلٹ بلاکس، سائلین کے بیٹھنے کے لئے شیڈ اور (بقیہ نمبر 3 صفحہ 31)

عوامی شکایات پر ڈی پی او اٹک کا ایکشن SHO، تھانہ حضرو تبدیل

ایس پی کیپٹن برانچ نے بھی کانسٹیبل بلال کو تبدیل کر دیا، عوامی حلقوں کا خراج تحسین

اٹک (این این آئی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اٹک سردار مدثر حسن خان نے عوامی شکایات، محاذوں کو ختمیں اور خراب کارکردگی کے پیش نظر ایس ایچ او تھانہ حضرو محمد وحید عرف ڈان کو لائن حاضر کیا، ایس پی کیپٹن برانچ ذوہیب افسر نے کانسٹیبل (بقیہ نمبر 2 صفحہ 31)

آئی جی پنجاب کا پولیس کی گاڑیوں سے سیاہ شیشے فوری ہٹانے کا حکم

شہریوں کی طرح پولیس افسران و اہلکاروں پر بھی مساوی طور پر لاگو ہوں گے

میانوالی (این این آئی) انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کا پولیس کی گاڑیوں سے سیاہ شیشے فوری ہٹانے کے احکامات جاری کئے ہیں تر جمان پنجاب پولیس کے مطابق پولیس افسران، اہلکاروں کی سرکاری اور نجی گاڑیاں، موٹر سائیکل ریجسٹریشن، پلیٹوں کے بغیر گھومنے کو ہوں لائق قوانین دیگر شہریوں کی طرح پولیس افسران و اہلکاروں پر بھی مساوی طور پر لاگو ہوں گے، سیاہ شیشوں، بغیر نمبر پلیٹ گاڑی اور موٹر سائیکل کی کسی بھی (بقیہ نمبر 3 صفحہ 4)

لیسکو کا کروڑوں روپے کی لاگت سے نئی گاڑیاں خریدنے کا فیصلہ

مجموعی طور پر 35 نئی گاڑیاں خریدنے کے لئے محکمانہ کارروائی کا آغاز کیا گیا

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی (لیسکو) نے کروڑوں روپے کی لاگت سے نئی گاڑیاں خریدنے کا فیصلہ کر لیا۔ ترجمان کے مطابق لیسکو کے شعبہ میٹرل مینجمنٹ نے گاڑیوں کی خریداری کا عمل شروع کر دیا ہے۔ مجموعی طور پر 35 نئی گاڑیاں خریدنے کے لئے محکمانہ کارروائی کا آغاز کر دیا گیا۔ لیسکو نے ایک ٹاپ لیسن جنکہ 10 سٹنگل کیبن گاڑیاں خریدنے کی فیصلہ کیا ہے۔

پاکستانی تاریخ کے پہلے سرکاری آٹزم سکول میں داخلے کا آغاز

مریم نواز سکول اینڈ ریسورس سینٹر آف آٹزم میں 3 سے 5 سال کے آٹسٹک بچوں کیلئے ارلی چائلڈ ہوڈ ایجوکیشن سیشن قائم

آٹسٹک بچوں کے والدین autism.punjab.gov.pk پر آن لائن رجسٹریشن کی سہولت، داخلہ رجسٹریشن کی آخری تاریخ 1 دسمبر مقرر

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے تحت پاکستان کی تاریخ کے پہلے سرکاری آٹزم سکول میں داخلے کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ مریم نواز سکول اینڈ ریسورس سینٹر آف آٹزم میں بچوں داخلے شروع ہو چکے۔ انجمن ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نے مریم نواز سکول اینڈ ریسورس سینٹر آف آٹزم میں داخلہ رجسٹریشن کا آغاز کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق آٹسٹک بچوں والدین کے لئے آن لائن رجسٹریشن فارم جمع کرانے کی سہولت دی گئی ہے۔ آٹسٹک بچوں کے والدین autism.punjab.gov.pk پر رجسٹریشن فارم جمع کرا سکتے ہیں۔ مریم نواز سکول آغاز کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق آٹسٹک بچوں والدین کے لئے آن لائن رجسٹریشن فارم جمع کرانے کی سہولت دی گئی ہے۔ آٹسٹک بچوں

تھانہ مندرہ میں کارروائی، وزیر مراست فرد سے فرار ہونے والی شراب

جسٹس طارق جہانگیری ڈگری تنازع کیس میں بڑی پیش رفت

چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ عالیہ نیلم کا وکلاء کے چیمبر ڈسکل کرنے پر سخت نوٹس

لاہور: وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق ڈی جی پی آر مس پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پی ٹی اے نے سوشل میڈیا پر زیر گردش جعلی نوٹیفکیشن کی وضاحت کر دی

جعلی نوٹیفکیشن میں سوشل میڈیا گروپس سے غیر ملکی ممبرز کو ہٹانے کی ہدایت کی گئی تھی

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی اے نے سوشل میڈیا پر گردش کرنے والے اس جعلی نوٹیفکیشن کی تردید کی ہے جس میں دعویٰ کیا گیا تھا کہ سوشل میڈیا گروپس کے منتظمین کو غیر ملکی ممبرز کو گروپس سے ہٹانے کی ہدایات جاری کی گئی ہیں۔ تفصیلات کے (بقیہ نمبر 2 صفحہ 8)

گداگروں اور ان کے سہولت کاروں کے گرد بھی گھیرا تنگ

جدید مصنوعی ذہانت ٹیکنالوجی کی مدد سے نشاندہی کا خودکار نظام تیار کر لیا

لاہور (این این آئی) سوسے بھر میں بھکاریوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف بڑے پیمانے پر کارروائی کا فیصلہ کر لیا گیا، سیف سٹی اتھارٹی نے جدید مصنوعی ذہانت ٹیکنالوجی کی مدد سے نشاندہی کا خودکار نظام تیار کر لیا۔ سیف سٹی حکام کے مطابق اسے آئی جدید موشن ٹیکنالوجی روبیہ پرشنی نیاسم متعارف کروا دیا ہے، سسٹم سڑکوں پر افراد کی (بقیہ نمبر 3 صفحہ 9)

پاکستان آرمی اوپیپلز لبریشن آرمی کی مشترکہ فوجی مشق وایئر IX کا آغاز

مشق کی افتتاحی تقریب ٹینٹل کا ڈٹر لیرازم سینٹر ہی میں ہوئی، مقصد باہمی تعاون میں اضافہ، پیشہ ورانہ مہارت بہتر کرنا ہے

منگلا کور کے کمانڈر، پی ایل اے ویسٹرن تھیٹر کمانڈ کے ڈپٹی چیف آف اسٹاف اور پاکستان ویجن کے دیگر سینئر عسکری حکام کی شرکت

مشق میں مشق کا آغاز یکم دسمبر 2025 کو ہوا، مشق کی افتتاحی تقریب ٹینٹل کا ڈٹر لیرازم سینٹر میں منعقد ہوئی۔ آئی این پی آر کے مطابق منگلا کور کے کمانڈر، پی ایل اے ویسٹرن تھیٹر کمانڈ کے ڈپٹی چیف آف اسٹاف اور پاکستان ویجن کے دیگر سینئر عسکری حکام نے شرکت کی۔ مشق کا مقصد باہمی تعاون میں اضافہ، پیشہ ورانہ مہارتوں میں بہتری (بقیہ نمبر 3 صفحہ 4)

لاہور سیکٹری ایئر چیف مرسڈ ڈاکٹر ضوان نصیر ایئر چیف مرسڈ ہیڈ کوارٹرز میں ماہانہ کور پیشنل جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بنوں میں اسسٹنٹ کمشنر شمالی وزیرستان کی گاڑی پر حملہ

اسسٹنٹ کمشنر شاہ ولی اللہ دو پولیس اہلکاروں سمیت 4 افراد شہید

بنوں (این این آئی) بنوں کے علاقے میرانشاہ روڈ پر اسسٹنٹ کمشنر شمالی وزیرستان کی گاڑی پر حملہ کیا گیا جس میں اسسٹنٹ کمشنر شاہ ولی اللہ شہید ہو گئے اس حوالے سے اسسٹنٹ کمشنر بنوں نے بتایا کہ حملے میں شہید ہونے والوں کی تعداد 4 ہے جس میں 2 پولیس اہلکار بھی شامل ہیں۔ فائرنگ سے 2 پولیس اہلکار اور ایک ڈرائیور زخمی بھی ہوا۔ انہوں نے (بقیہ نمبر 3 صفحہ 8)

9 مئی حملہ کیس، پی ٹی آئی کے 18 غیر حاضر ملزمان اشتہاری قرار

ملزمان میں شبلی فراز، عمر ایوب، کنول شوذب، شیخ راشد شفیق اور زرتاج گل شامل

راولپنڈی (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت راولپنڈی کے 9 مئی کیس کی اج کیوجہ سے پی ٹی آئی کے 18 غیر حاضر ملزمان کو اشتہاری قرار دے دیا۔ اشتہاری قرار دیئے گئے ملزمان میں شبلی فراز، عمر ایوب، کنول شوذب، شیخ راشد شفیق اور زرتاج گل شامل ہیں۔ عمر ایوب، محمد احد چٹھہ، رائے حسن نواز، بلال اعجاز اور مرتضیٰ خان لوہی اشتہاری قرار دیا گیا۔ اشتہاری قرار دیئے گئے ملزمان میں اشرف سومرو، چوہدری آصف، شکیل (بقیہ نمبر 3 صفحہ 9)

راولپنڈی: بابائے سرداری کے علاقہ میں استعمال ہونیوالے لاکٹ کی مرمت کرنے میں مصروف ہیں

سہیل آفریدی سے امریکی قونصل جنرل کی ملاقات

تجارت، سرمایہ کاری، معدنیات، توانائی، سکیورٹی تعاون پر تبادلہ خیال

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی سے امریکی قونصل جنرل قاسم ایکرٹ نے وزیر اعلیٰ ہاؤس میں اہم ملاقات کی۔ ملاقات میں تجارت، سرمایہ کاری، معدنیات، توانائی اور سکیورٹی تعاون پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، جبکہ انسداد دہشت گردی اور انسداد منشیات میں تعاون پر بھی گفتگو ہوئی۔ اس موقع پر قاسم ایکرٹ نے کہا کہ تجارتی سفارتکاری امریکی خارجہ پالیسی کا مرکزی ستون ہے، اقتصادی سفارتکاری کے فروغ سے جمہوری امن و استحکام کو تقویت ملے گی، معدنیات اور توانائی کی شراکت داری اقتصادی سفارتکاری کو مضبوط کرے گی۔ وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی نے کہا کہ خیبر پختونخوا امن کے تحت مقامی آبادی کو سرمایہ کاری میں اولین ترجیح حاصل ہے، مقامی آبادی کو (بقیہ نمبر 4 صفحہ 9)

27 ویں آئینی ترمیم میں کسی کو اعتماد میں نہیں لیا گیا، مولانا فضل الرحمان

اس ترمیم میں بعض شخصیات کو ایسی سہولتیں دی گئیں، اعتراضات کا صلہ نہیں

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ 27 ویں آئینی ترمیم میں کسی کو اعتماد میں نہیں لیا گیا۔ منگل کو قومی اسمبلی کے اجلاس کے دوران اظہار خیال کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ اس ترمیم میں بعض شخصیات کو ایسی سہولتیں دی گئیں، ایسی اعتراضات کو کوئی دیوانہ خدمات کا صلہ نہیں کہہ سکتا، ملک تقسیم کرنا ہے۔ سربراہ پی پی پی نے کہا کہ قوم میں ان ترامیم کو قبول نہیں (بقیہ نمبر 4 صفحہ 9)

لاہور: ڈی جی سپورٹس پنجاب منصور افضال چوہدری 35 ویں نیشنل گیمز کے لئے ٹریک پارک سپورٹس کمپلیکس کے جنرل ہال میں پنجاب کے سٹیلین لیس ترجیح ٹیم کا معائنہ کر رہے ہیں

دو روزہ اسلام آباد کانکلیو 2025 آج شروع ہوگا

نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار افتتاحی سیشن کے مہمان خصوصی ہوں گے

اسلام آباد (این این آئی) اسٹی ٹیوٹ آف سٹریٹجک سٹڈیز اسلام آباد کے زیر اہتمام دو روزہ اسلام آباد کانکلیو 2025 بعنوان "تصویر کی فوکس، ری انجینئرنگ سائنو انیشیا، سکیورٹی، اکانومی، کلچر، کنکٹیویٹی" (آج) بدھ کو شروع ہوگا۔ نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار افتتاحی اجلاس کے مہمان خصوصی ہوں گے، پہلے ورکنگ سیشن سے سابق چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی جنرل (ر) زبیر محمود حیات ٹیکنوی خطاب کریں گے۔ اسلام آباد کانکلیو کے دوسرے ورکنگ سیشن سے سینیٹ کی دفاعی کمیٹی کے سابق چیئرمین سینیٹر مشاہد حسین سید سمیت دیگر مقررین اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔

لاہور: وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر محمد علی شہزاد الوحی کے ذریعہ اہتمام ورلڈ ٹورزم ڈے کے موقع پر ریالی کا دورہ کر رہے ہیں

مالی سال کے 5 ماہ میں تجارتی خسارہ اور درآمدات بڑھ گئیں

لاہور (این این آئی) رواں مالی سال کے پہلے 5 ماہ میں تجارتی خسارہ اور درآمدات بڑھ گئیں جبکہ برآمدات میں کمی ہوگئی، جولائی سے نومبر تک تجارتی خسارے میں 17.37 فیصد کا اضافہ ہوا۔ وفاقی ادارہ شماریات کے اعداد و شمار کے مطابق رواں مالی سال جولائی تا نومبر تجارتی خسارہ 15 ارب 46 کروڑ 90 لاکھ ڈالر پہنچ گیا۔ ادارہ شماریات (بقیہ نمبر 3 صفحہ 31)

گھریلو ناچاقی پر شوہر نے اپنی 28 سالہ بیوی تین بچوں کی ماں قتل کر دیا

گروگھاٹا (این این آئی) گھریلو ناچاقی پر شوہر نے اپنی 28 سالہ بیوی تین بچوں کی ماں کو اس کے بہن کے گھر فائرنگ کر کے قتل کر دیا اور فرار ہو گیا پولیس نے مقتولہ کی بچوں سمائرہ کے بھروسہ کا ہے پر کر کے مقدمہ درج کر لیا اور ملزم کی تلاش میں مصروف تفتیش ہے۔ سرگودھا کے قصبہ سیالی کے گاؤں چھنی سیداں میں گھریلو ناچاقی پر ذکر کر اپنی بہن کے گھر مریم 28 سالہ بیوی (م) کو ساتھ لیکر گئے اسکا رہائی کر کے قتل کر دیا اور فرار ہو گئے اس موقع پر مقتولہ کی بچی (ف) نے بتایا کہ اس کی شادی دس سال قبل (بقیہ نمبر 3 صفحہ 31)

ایف سی ہیڈ کوارٹر پشاور پر خودکش حملے کی تحقیقات میں پیش رفت

پشاور (این این آئی) ایف سی ہیڈ کوارٹر پشاور پر خودکش حملے کی تحقیقات میں پیش رفت سامنے آئی ہے۔ آئی جی خیبر پختونخوا پولیس کے مطابق ایف سی ہیڈ کوارٹر حملے کی منصوبہ بندی کراس دی بارڈر ہوئی ہے۔ اسی طرح اسلام آباد دھماکے کے تانے بانے بھی ایف سی ہیڈ کوارٹر حملے سے مل رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ دونوں حملوں میں بارودی مواد اور جائے وقوع تک رسائی کی حکمت عملی یکساں رہی جب کہ دہشت گردوں کی خودکش جیکٹس تک رسائی (بقیہ نمبر 3 صفحہ 7)

یواے ای کے صدر کو پاکستان کے نوختہ سفیر کی اسناد تقریر کی پیش

ابوظہبی (این این آئی) حضرہ عرب امارات کے صدر شیخ محمد بن زاید آل نہیان نے حضرہ عرب امارات کیلئے تعینات حضرہ نوختہ سفراء کی اسناد قبول کی ہے، جن میں اسلامی جمہوریہ پاکستان کے سفیر شفقت علی خان بھی شامل ہے۔ اسناد وصول کرنے کی تقریب ابوظہبی کے قصر الوطن میں منعقد ہوئی، جس میں شیخ منصور بن زاید آل نہیان، نائب صدر، نائب وزیر اعظم اور چیئرمین صدارتی دیوان بھی موجود تھے۔ نوختہ سفراء کے خیرمقدم کے (بقیہ نمبر 4 صفحہ 8)

صوبائی وزیر زراعت وائیسوک سید عاشق حسین کرمانی اپنے ہمنصبوں کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچستان شدید موسمیاتی چیلنجز کا شکار، خشک سالی کی لپیٹ میں آ گیا

صوبے میں قلیل کاشت زمین سکڑ کر صرف 7.2 فیصد رہ گئی ہے، رپورٹ

کوئٹہ (این این آئی) صوبہ بلوچستان شدید موسمیاتی چیلنجز کا شکار ہے، معمول سے کم بارشوں نے صوبے کے بیشتر اضلاع کو خشک سالی کی لپیٹ میں لے رکھا ہے، آبی انتظام کے سنگین مسائل صورتحال کو مزید گمبھیر بنا دیا گیا۔ ایشین ڈیولپمنٹ بینک کے ڈیولپمنٹ اکنامسٹ کی حالیہ رپورٹ کے مطابق صوبے میں قابل کاشت زمین سکڑ کر صرف 7.2 فیصد رہ گئی ہے۔ بلوچستان میں جیب، انگور، گندم، چاول سمیت 27 اجناس پیدا ہوتی تھیں۔

امریکہ کیلئے براہ راست پروازوں کی بحالی پر اہم پیشرفت

امریکی فیڈرل ایوی ایشن ایڈمنسٹریشن کی سیفٹی آڈٹ رپورٹ جاری کئے جانے کا امکان

لاہور (این این آئی) پاکستانی ایئر لائنز کو امریکہ کے لیے براہ راست پروازوں کی بحالی کے معاملے پر پیشرفت ہوئی ہے۔ امریکی فیڈرل ایوی ایشن ایڈمنسٹریشن کی سیفٹی آڈٹ رپورٹ رواں ماہ جاری کئے جانے کا امکان ہے۔ ستمبر میں پاکستان آنے والی ٹیم نے سیفٹی، فلائٹ اسٹینڈرڈ سسٹم انٹرنیشنل ایئر پورٹ انفراسٹرکچر کی آڈٹ کیا تھا۔ لائسنس حاصل کرنے کے لیے اے ایم اے اتھارٹی سمیت پی آئی اے کے مختلف شعبوں کا آڈٹ بھی کیا گیا (بقیہ نمبر 5 صفحہ 4)

قومی کمیشن برائے اقلیت حقوق بل 2025 سے متعلق تفصیلات سامنے آ گئیں

قومی کمیشن برائے اقلیت حقوق بل 16 ممبران پر مشتمل ہوگا، چاروں صوبوں سے دو، دو اقلیتی ممبران کمیشن کا حصہ ہوں گے

کمیشن کا ایک ممبر وفاقی دارالحکومت سے ہوگا، اقلیتی ممبر کی نامزدگی چیف کمشنر اسلام آباد کی صوابدید پر ہوگا، بل

لاہور: وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق و ایٹ منجمنٹ کمپنیوں کے سی ای او ز کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس کے کثرت رائے سے منظور ہونے والے قومی کمیشن برائے اقلیت حقوق بل 2025 کے مطابق تفصیلات سامنے آ گئیں۔ قومی کمیشن برائے اقلیت حقوق بل 16 ممبران پر مشتمل ہوگا اور چاروں صوبوں سے دو، دو اقلیتی ممبران کمیشن کا حصہ ہوں گے۔ بل کے مطابق چاروں صوبوں سے اقلیتی ممبران کی نامزدگی صوبائی حکومت کرے گی، جبکہ کمیشن کا ایک ممبر وفاقی دارالحکومت اسلام آباد سے ہوگا۔ اسلام آباد سے اقلیتی ممبر کی نامزدگی (بقیہ نمبر 4 صفحہ 7)

چیئرمین کمیٹی کا آئندہ سال پاکستان میں بس میوزیکل چیئر شروع کرنے کا اعلان

بس مینیجر کو ہٹانے کا مطالبہ، کمیٹی کا اجلاس ملتوی

کراچی (این این آئی) کمیٹی کی بس سازی تبدیلی ڈوگ فوٹ بس اور لانگ کمیٹی لیجنڈ نے کہا ہے کہ انٹرنیز لیجنڈ (GID) کے ساتھ مل کر شراکت داری کے بعد 2026 کے سیلاب پاکستان میں ایپی گلوری بس کی مقابلے اسٹیک شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔ گوادر پورٹ کے مطابق پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں جمع کرائی گئی فائنگ کے مطابق ڈی ٹی ایپی (GIL) نے پاکستانی مارکیٹ میں گلوری بس کے تعارف اور تقسیم کے لیے ڈوگ فوٹ (بقیہ نمبر 4 صفحہ 9)

خاتون کے بال کاٹنے کی وائرل ویڈیو سے متعلق درج مقدمے میں تین افراد گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) سوشل میڈیا پر خاتون کے بال کاٹنے کی وائرل ویڈیو کے حوالے سے درج مقدمے میں اہم پیشرفت سامنے آئی۔ راولپنڈی پولیس کے مطابق مقدمے میں شامل دو مرکزی ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ گرفتار کیے جانے والوں میں خاتون کے بال کاٹنے والا مرکزی ملزم، ساتھی مرد اور خاتون شامل ہے۔ بال کاٹنے کی ویڈیو وائرل ہونے کے بعد متاثرہ خاتون کا ویڈیو بیان سامنے آنے پر مقدمہ نصیر آباد میں پولیس کی جدید میں مقدمہ درج کیا گیا تھا۔ واقعہ تقریباً (بقیہ نمبر 5 صفحہ 9)

خاتون کے بال کاٹنے والا مرکزی ملزم اور ساتھی تھانہ نصیر آباد پولیس کی حراست میں

مکمل سفری دستاویزات رکھنے والے کسی بھی مسافر کو سفر سے نہیں روکا جائے گا

وزیر داخلہ و نارکوٹکس کنٹرول محسن نقوی کا لاہور ائیرپورٹ کا دورہ، امیگریشن کاؤنٹرز، جدید سسٹم کا جائزہ لیا

محسن نقوی نے تیز رفتار اور شفاف امیگریشن سسٹم پر ڈائریکٹر ایف آئی اے علی ضیا اور ان کی ٹیم کی کارکردگی کو سراہا

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ و نارکوٹکس کنٹرول محسن نقوی نے لاہور انٹرنیشنل ایئرپورٹ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے امیگریشن کاؤنٹرز، مسافروں کی سہولیات اور جدید سسٹم کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران وزیر داخلہ نے امیگریشن کاؤنٹرز پر لیول کراسنگ کارڈ اور پاسپورٹ سکیننگ کرنے والے سسٹم کا معائنہ کیا۔ محسن نقوی نے تیز رفتار اور شفاف امیگریشن سسٹم پر ڈائریکٹر ایف آئی اے علی ضیا اور ان کی ٹیم کی کارکردگی کو سراہا۔ وفاقی وزیر داخلہ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم کسی بھی (بقیہ نمبر 2 صفحہ 5)

گاڑی کی اسکوٹی کو ٹکر، 2 خواتین جاں بحق، ڈرائیور گرفتار

جاں بحق خواتین کی شناخت شرین اور تابندہ کے نام سے ہوئی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد میں سیکٹر جی 8 کے قریب شاہراہ دستور پر گاڑی نے اسکوٹی کو ٹکر ماردی جس کے نتیجے میں 2 خواتین جاں بحق ہو گئیں۔ پولیس ذرائع کے مطابق جاں بحق خواتین کی شناخت شرین اور تابندہ کے نام سے ہوئی، واقعے کا مقدمہ جاں بحق لڑکی شرین کے بھائی کی مدعیت میں قائد سیکٹر پر درج کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق پولیس نے گاڑی کے ڈرائیور کو گرفتار کر لیا ہے۔ ایف آئی آر کے متن کے مطابق میری بخش اپنی دوست کے ہمراہ گھر واپس آ رہی تھی، بہن کے نمبر سے کال آئی پر پتہ چلا کہ اس کا ایکسیڈنٹ ہو گیا ہے اور اسپتال میں ہے۔ متعلقہ کے بھائی کے مطابق اسپتال جا کر دیکھا (بقیہ نمبر 5 صفحہ 1)

کورزراج کی مخالفت کی ہے، کرتے رہیں گے، سینٹر ایمل ولی

جو گند کیا ہے اب اسے برداشت کرنا ہوگا، سربراہ عوامی نیشنل پارٹی

اسلام آباد (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے سربراہ سینیٹر ایمل ولی خان نے کہا ہے کہ کورزراج مسائل کا حل نہیں ہے، اس معاملے سے اے این پی کو دور رکھا گیا ہے۔ پارلیمنٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو ایمل ولی نے کہا کہ ہم کورزراج کی مخالفت کرتے ہیں، کی ہے اور کرتے رہیں گے۔ سینیٹر ایمل ولی خان نے کہا کہ جو گند کیا ہے اب اسے برداشت کرنا ہوگا، سینیٹ چیرمین کو میں اس وقت کنٹینر کا نام دے رہا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ہم کبھی بھی (بقیہ نمبر 2 صفحہ 3)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

E-Commerce Website Price: 6000/-

Call / Whatsapp 0309-7900035